ادارہ

تعارف وتبصرہ کتب

● اشاریہ السیرۃ عالمی..........مولانا محمد سعید شیخ

ششماہی السیرۃ عالمی پاکستان کے ان چند گنے چنے رسائل میں سے ایک ہے جس نے اردو ادب کی سیرت لائبریری میں قابل قدر اضافہ کیا۔ تقریباً 14 سال سے یہ رسالہ مولانا سید فضل الرحمٰن صاحب اور ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن صاحب کے زیر ادارت نکلتا ہے اور تا حال اٹھائیس شمارے شائع ہو چکے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب السیرۃ کے پچیس کے شماروں پر مشتمل اشاریہ ہے جسے محترم محمد سعید شیخ صاحب نے انتہائی عرقریزی کیساتھ مرتب یا ہے۔ اشاریہ میں حسب ترتیب بہ لحاظ مصنفین' مقالہ نگار' بہ لحاظ مضامین رعنوان مقالہ' بہ لحاظ موضوعات' بہ لحاظ زمانی ترتیب' حمد ونعت' تبصرہ کتب' بہ لحاظ مولف کتاب ر بہ لحاظ عنوان کتاب اور بہ لحاظ تبصرہ نگار ذکر کیا ہے۔ عرض مرتب کے عنوان سے محمد سعید شیخ صاحب "السیرۃ" اور اسکے موضوعات متنوع کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "السیرۃ کے موضوعات کے تنوع، وسعت، حسن ترتیب و پیش کش، مضامین میں گہرائی و گیرائی کی بہ دولت ہم بلا خوف تردید یہ کہہ سکتے ہیں کہ اسے انسائیکلو پیڈیا آف سیرہ کا درجہ حاصل ہے۔ پچیس شماروں تک دس ہزار سے زائد صفحات پر پھیلے ہوئے اس سیرتی ادب میں سیرت طیبہ کے تین سو سے زائد اہم ترین موضوعات پر بحث کی گئی ہے۔ بعض مقالات تو قسط وار ہیں جو اپنی انفرادیت وندرت میں اپنی مثال آپ ہیں۔ مثال کے طور پر سیرت طیبہ میں تاریخوں کے تضادات کو رفع کرنے کے حوالے سے تحقیقی مقالہ "السیرۃ النبویہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام 'توفیقی تضادات کا جائزہ" پروفیسر ظفر احمد کی توسع علمی، دقیق فکری اور عمیق نظر کا بین ثبوت ہے۔ پچیسویں شمارے تک اس وقیع مقالے کی دو ہزار آٹھ صفحات پر مشتمل اٹھارہ اقساط قارئین السیرہ کی نذر ہو چکی ہیں اور فاضل مقالہ نگار کا زور قلم تا ہنوز جاری ہے"

144 صفحات پر مشتمل یہ اشاریہ زوار اکیڈمی پبلی کیشنز اے۴/۱۷، ناظم آباد نمبر۴ کراچی -/200 روپے میں دستیاب ہے

● پاکستان میں اردو سیرت نگاری......ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن

زیر تبصرہ کتاب نامور سیرت نگار جناب ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن صاحب کا مقالہ ہے جو ادارۂ تحقیقات اسلامی اسلام آباد کے زیر اہتمام ایک علمی نشست میں پیش کیا گیا جس میں پاکستان میں اردو سیرت نگاری کے آغاز وارتقاء اور گزشتہ ساٹھ سالہ دور میں اس موضوع پر لکھی جانیوالی ڈیڑھ سو کے قریب اہم کتب اور رسائل و مجلات کی خاص اشاعتوں کا تعارف کیا گیا ہے۔ اسالیب سیرت، فہرست منظوم کتب، پی ایچ ڈی مقالات' خواتین کی سیرت نگاری، تراجم سیرت، رسائل و جرائد وغیرہ جیسے اہم عنوانات کے ذیل میں مقالہ نگار نے سیرت کے حوالے سے گرانقدر ذخیرہ جمع کیا ہے۔ البتہ بعض مقامات پر مقالہ نگار نے موضوع سے ادنی ملابست کی بناء پر ہندوستانی کتابوں کا تذکرہ بھی کیا ہے۔ مقالے کے افادیت اور جامعیت کی وجہ سے بعض اہل علم کی درخواست پر ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن صاحب نے